پینسٹھواں اجلاس | پانچواں پارلیمانی سال | گیارہویں اسمبلی

بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

بروز ہفتہ مورخہ 15 اپریل 2023ء بوقت سہ پہر 3:00 بجے منعقد ہونے والے بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی

ترتیب کارروائی

(1) تلاوت قرآن پاک و ترجمہ

(2) قراردادیں

قرارداد نمبر 150 منجانب محترمہ بشریٰ رند پارلیمانی سیکرٹری

ہرگاہ کہ گیس حکام کی غفلت کے باعث کوئٹہ شہر اور اس کے مضافات میں آئے روز بغیر اطلاع گیس کی لوڈشیڈنگ کے باعث گیس کے حادثات رونما ہو رہے ہیں جس کے باعث سینکڑوں قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ حال ہی میں بلوچستان یونیورسٹی شعبہ انگلش کی سابق چیئرپرسن اور ڈی این فیکلٹی محترمہ ڈاکٹر فاریہ سعید خان بھی گیس دھماکے کی وجہ بری طرح جھلس کر لقمہ اجل بن گئی۔ جس کی وجہ سے عوام سخت مشکلات اور اذیت کا شکار ہیں۔ مزید براں سوئی گیس کی عدم دستیابی اور کم پریشر کے باوجود گیس کے بھاری بھرکم بلوں نے تو غریب عوام کا جینا محال کر کے رکھ دیا ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ کوئٹہ اور اس کے مضافات میں جتنے بھی گیس کے حادثات رونما ہوئے ہیں اور ان کے نتیجے میں جتنے بھی لوگ جاں بحق ہوئے ہیں ان کے لواحقین کو فوری طور پر مالی معاوضہ اور جو زخمی ہوئے ہیں ان کے علاج معالجے کا فوری بندوبست اور سلو میٹر کے نام پر جو بھاری بھرکم گیس بل بھجوائے گئے ہیں ان کو فی الفور ختم کرنے کو یقینی بنائیں تاکہ صوبہ کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

قرارداد نمبر 151 منجانب محترمہ بشریٰ رند پارلیمانی سیکرٹری

یہ ایوان رمضان جیسے مقدس مہینے میں مسجد اقصیٰ پر اسرائیلی فوج کی جانب سے وحشیانہ حملہ جس کے نتیجے میں نہتے معصوم نمازی، خواتین اور بچے شہید اور زخمی ہوئے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ نہتے معصوم نمازی، خواتین اور بچوں پر اس قسم کا بزدلانہ حملہ انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ اسرائیلی فوج کی اس قسم کی تشدد سے پوری دنیا کے مسلمانوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے۔

لہٰذا یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ یہ معاملہ فوری طور پر اقوام متحدہ، او آئی سی اور دیگر انسانی حقوق کی تنظیموں کے ساتھ اٹھائے تاکہ مستقبل میں اس قسم کے واقعات دوبارہ رونما نہ ہوں۔

کوئٹہ
مورخہ 14 اپریل 2023ء

طاہر شاہ کاکڑ
سیکرٹری